# Regional Urdu Text Bulletin, Aurangabad

Date : 04 October 2023

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی اَورنگ آباد

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۴/ اکتوبر ۲۰۲۳ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **دیوالی کے موقعے پر آنندا چا شِدھا میں پوہے اور میدے کو بھی شامل کرنے کی کابینہ نے دی منظوری**

☆ **ناندیڑ سرکاری ہسپتال میں ہوئی اموات کی تحقیقات کے لیے کمیٹی کی تشکیل ' قصور واروں کے خلاف کارروائی کرنے کا وزیر اعلیٰ نے دیا تیقن**

☆ **چھترپتی شیواجی مہاراج کے شیر کے ناخون بھارت لانے سے متعلق برطانوی میوزیم کے ساتھ معاہدہ**

**اور**

☆ **ایشین گیمز میں بھارتی کھلاڑیوں نے کل 2/ سونے کے تمغے سمیت 9/ تمغے حاصل کیے**

**اب خبریں تفصیل سے...**

ریاستی کابینہ نے دیوالی کے خصوص میں راشن کارڈ ہولڈرس کو 100/ روپے میں آنندا چا شدھا یعنی خصوصی راشن دینے کی منظوری دیدی ہے۔ خوردنی اشیاء کے اِس مجموعے میں میدا اور پوہے کو بھی شامل کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔ اِس طرح یہ آنندا چا شدھا ایک کلو شکر ' ایک لیٹر خوردنی تیل' آدھا کلو روا ' آدھا کلو چنا دال ' میدا اور پوہے پر مشتمل ہوگا۔ یہ آنندا چا شدھا آئندہ 25/ اکتوبر سے 30/ اکتوبر کے دوران دستیاب کروایا جائے گا۔

اِسی طرح اقلیتی سماج سے تعلق رکھنے والے طلباء کو بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے کے لیے اسکالرشپ یوجنا بھی نافذ العمل کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔ ہر سال 27/ طلباء اِس یوجنا سے مستفیض ہوں گے۔ اِس یوجنا کے لیے 10/ کروڑ 80/ لاکھ روپئے خرچ کی بھی منظوری دیدی گئی ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے ریاست میں نقصان زدہ سویابین کی فصلوں کے پنچ نامے شروع کرنے کی ہدایت دی ہے۔ وہ کل ہوئے کابینی اجلاس میں بول رہے تھے۔خیال رہے کہ لاتور اور ناندیڑسمیت 9/اضلاع میں سویابین کی فصلیں مختلف روگوں کی شکار ہوچکی ہے۔ چونکہ متاثرہ علاقہ بیمہ کے دائرے میں شامل ہیں اِسی لیے وقت پر بیمہ کی مدد کا حصول ممکن بنانے کے مقصد سے زرعی شعبہ نیز محکمہ اِمدد اور باز آبادکاری کومل کر ترجیحی بنیاد پر پنچ نامے کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑکے سرکاری میڈیکل کالج نیز ہسپتال میں مریضوں کی اموات کی تحقیقات کی جائے گی۔وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یہ تیقن دیا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت اِس معاملے میں نہایت سنجیدہ ہیں۔

***** ***** *****

طِبّی تعلیم کے ریاستی وزیر حسن مشرف اور ضلعے کے نگراں وزیر گریش مہاجن نے کل ناندیڑ سرکاری میڈیکل کالج نیز اسپتال کا دورہ کر کے سانحہ کی معلومات حاصل کی۔ اِس موقعے پر سابق وزیر اعلیٰ اشوک چوہان ' رکن پارلیمنٹ پرتاپ پاٹل چکھلیکر بھی اُن کے ساتھ تھے۔ بعدازاں حسن مشرف نے بتایا کہ اِس سانحے کی تحقیقات کے لیے 3/رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ یہ کمیٹی 2/دنوں میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ وزیر موصوف نے مزید بتایا کہ جہاں بھی سِریس پیشنٹ کا علاج ہوتا ہے وہاں ہم ادویات مہیا کرتے ہیں۔نہیں تو ہم لوکل پرچیس سے ادویات فراہم کرتے ہیں۔اگر یہ بھی نہ ہوتو ہم مریض کے رشتہ داروں کو کہتے ہیں اگر وہ بھی نہ ہوتو ہمارے پاس 10 - 15/ فلاحی اِدارے رجسٹرڈ ہیں اُن سے حاصل کرتے ہیں۔

اِسی دوران چھترپتی سمبھاجی نگر کے سرکاری میڈیکل کالج نیز ہسپتال کے ڈین ڈاکٹر سنجئے راٹھوڑ نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں لائے جانے والے زیادہ تر مریض قریب المرگ ہوتے ہیں اِسی لیے بہت کوشش کرنے کے باوجود ڈاکٹرس انھیں بچانے میں نام کام ہوجاتے ہیں۔ادویات کی کمی کے باعث مریضوں کی موت ہونے کا الزام ڈاکٹر سنجئے راٹھوڑ نے پوری طرح مسترد کردیا۔

***** ***** *****

او بی سی سماج کو دیے گئے ریز رویشن میں کوئی رد و بدل کیے بغیر مراٹھا سماج کو ریز رویشن دیا جانا چاہیے۔ہم اپنے اِس موقف پر اٹل ہیں۔ راشٹروادی کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر اور رکن پارلیمنٹ سنیل تٹ کرے نے یہ وضاحت کی ہے۔ پارٹی کے ریاستی دفتر میں کل اِس خصوص میں منعقدہ اجلاس میں وہ اظہار خیال کر رہے تھے۔ اِس موقعے پر جناب سنیل تٹ کرے نے مزید بتایا کہ بہار کی طرز پر ذات کے لحاظ سے مردم شماری کروانے کا وہ حکومت سے مطالبہ کریں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی شیواجی مہاراج کے شیر کے ناخون بھارت لانے کے سلسلے میں برطانیہ کے وِکٹوریہ اینڈ البرٹ میوزیم سے کل مفاہمتی معاہدہ کیا گیا ہے۔ثقافتی امور کے وزیر سُدھیر مُنگنٹی وار ' وزیرِ صنعت اُدئے سامنت ' شعبہ ثقافتی امور کے پرنسپل سیکریٹری وکاس کھرگے ' محکمہ آثارِ قدیمہ اور میوزیمس کے ڈائریکٹر تیجس گرگے اِس موقعے پر موجود تھے۔

اِس بارے میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا کہ چھترپتی شیواجی مہاج کے یہ شیر کے ناخن تمام شیو شیدائیوں کے لیے شیو درشن ثابت ہوں گے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی اورنگ آباد سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

عظیم مجاہد آزادی اور مراٹھواڑہ مُکتی سنگرام کے علمبردار سوامی رامانند تیرتھ کی جینتی کے موقعے پر اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر اور قانون ساز کونسل کی ڈپٹی چیئر پرسن ڈاکٹر نیلم گورہے نے ودھان بھون کے احاطے میں نصب اُن کے مجسمے پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔

چھتر پتی سمبھا جی نگر میں واقع سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ ریسرچ اِنسٹی ٹیوٹ میں بھی سوامی جی کی تصویر پر گلہائے عقیدت پیش کیے گئے۔

اِس موقعے پر مذکورہ اِدارے کے سیکریٹری سارنگ ٹاکلکر نے بتایا کہ چھتر پتی سمبھا جی نگر کے کرانتی چوک میں واقع آزادی کی جدوجہد کی یادگار پر بھی سوامی جی کا مجسمہ نصب کرنے کا کام آنے والے جنوری مہینے تک مکمل کرلیا جائے گا۔

***** ***** *****

ایشین گیمز میں بھارتی کھلاڑیوں نے کل 2/سونے کے 2/ چاندی کے اور 5/کانسے کے تمغے حاصل کیے ہیں۔ اس ٹورنامنٹ میں بھارت نے اب تک 15/سونے کے 26/ چاندی اور 28/کانسے کے تمغے اِس طرح کُل 69/ تمغے حاصل کر لیے ہیں۔ میڈل ٹیلی میں بھارت چوتھے مقام پر ہے۔

سونے کے تمغے حاصل کرنے والوں میں خاتون رنر پارل چودھری اور نیزہ باز انو رانی کا شمار ہے ۔ اِسی طرح مردوں کی 800/میٹر دوڑ میں محمد افضل نے اور ڈیکیتھ لان مقابلے میں تیجسوی شنکر نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

***** ***** *****

ناسک ضلعے میں 14/دن کے بعد پیاز کی نیلامی دوبارہ شروع ہوچکی ہے۔ لاسل گاؤں زرعی پیداوار بازار کمیٹی میں کل صبح پیاز 2/ ہزار روپئے فی کوئنٹل کے حساب سے فروخت ہوئی۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ دیگر بازار کمیٹیوں میں بھی کاروبار معمول کے مطابق شروع ہو چکا ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیوضلع میں صاف صفائی کا دائرہ وسیع کرنے کے مقصد سے پہلے مرحلے میں 8 ر تعلقوں کے 80 ر دیہاتوں کی درجہ بندی کی جائے گی۔ اِس کے باعث ضلع میں صفائی کے کاموں میں تیزی آئے گی۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ اِس دوران گاؤں میں کچرا ڈالنے کی جگہ ' کچرا جمع کرنے اور اُسے علیحدہ علیحدہ کرنے ' کھلے میں رفع حاجت پر پابندی لگا کر بیت الخلاء کے استعمال کی ترغیب دینے ' گندے پانی کی نکاسی ' شجرکاری وغیرہ امور کی بنیاد پر دیہاتوں کی درجہ بندی کی جائے گی۔

***** ***** *****

پربھنی کے رکن پارلیمنٹ سنجئے جادھو نے کہا ہے کہ مختلف منصوبے کے تحت ضلع میں منظور کیے گئے ترقیاتی کاموں کی تصدیق کی جائے اور وہ کام بغیر کسی دباؤ کے وقت پر مکمل کیے جائیں۔ وہ کل پربھنی ضلع کلکٹر دفتر میں ضلع ترقیاتی رابطہ کمیٹی - دِشا کے جائزاتی اجلاس میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ دیہی آبرسانی منصوبے کے کاموں میں ہو رہی لاپروائی پر ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے انھوں نے یہ کام مقررہ وقت پر مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے کے کلمنوری تعلقے میں کونڈھور ڈگرس سے گزرنے والی کائے دھوندی پر پُل تعمیر کرنے کے مطالبے پر کل مقامی ساکنان نے ندی میں اُتر کر آندولن کیا۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ بعد پولس نے موقعے پر پہنچ کر آندولن کرنے والوں کو ندی سے باہر نکالا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں آئندہ 9 ر اکتوبر کو علاقائی لوک شاہی دن کا نظم کیا گیا ہے۔ علاقائی کمشنر دفتر میں صبح 11 ر بجے معاملوں کی سنوائی کی جائے گی۔ اِس کے بعد اُسی جگہ خواتین لوک شاہی دن کا اہتمام کیا جائے گا۔

***** ***** *****

آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ دیوالی کے موقعے پر آنندا چا شِدھا میں پوہے اور میدے کو بھی شامل کرنے کی کابینہ نے دی منظوری

☆ ناندیڑ سرکاری ہسپتال میں ہوئی اموات کی تحقیقات کے لیے کمیٹی کی تشکیل ' قصور واروں کے خلاف کارروائی کرنے کا وزیر اعلیٰ نے دیا تیقن

☆ چھترپتی شیواجی مہاراج کے شیر کے ناخون بھارت لانے سے متعلق برطانوی میوزیم کے ساتھ معاہدہ

اور

☆ ایشین گیمز میں بھارتی کھلاڑیوں نے کل 2 / سونے کے تمغے سمیت 9 / تمغے حاصل کیے

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل آکاشوانی سماچار اورنگ آباد

Aurangabad AIR News پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆